نابالغ کو ریشم اور سونا پہنانے کا حکم

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2798

تاریخ اجراء: 08 ذوالحجۃ الحرام 1445ھ /15 جون 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ کیا نابالغ لڑکوں کو ریشم کے کپڑے اور سونا پہنانا حرام ہے؟

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

نابالغ لڑکوں کو بھی ریشم کے کپڑے اور سونے چاندی کے زیور پہنانا حرام ہے اور گناہ پہنانے والے پر ہے۔

علامہ خُسرو رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 885ھ / 1480ء) لکھتے ہیں: ”کرہ إلباس الصبي ذهبا أو حريرا الأن حرمة اللبس لماثبتت في حق الذكورة حرم الالباس أيضا كالخمر لما حرم شربها حرم سقيها“ ترجمہ: بچے کو سونا یا ریشم پہنانا حرام ہے، کیونکہ جب مُذکَّر کے حق میں پہننا حرام ہے، تو اِسی طرح کسی مُذکَّر کو پہنانا بھی حرام ہے، جیسا کہ شراب کا حکم ہے کہ جب اُس کا پینا حرام ہے، تو پِلانا بھی حرام ہی ہے۔ (دُرر الحکام شرح غرر الاحکام، جلد 1، صفحہ 313، مطبوعہ کراچی)

گناہ پہنانے والے پر ہو گا، چنانچہ علامہ شَیْخِی زادہ رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1078ھ / 1667ء) لکھتے ہیں: ”الإثم على الملبس كالخمر فإن سقيها الصبي حرام كشربها“ ترجمہ: گناہ سونا پہنانے والے پر ہو گا، جیسا کہ بچے کو شراب پلانا، خود پینے کی طرح حرام ہے۔ (مجمع الانہر، جلد 2، فصل فی اللبس، صفحہ 537، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی)

علامہ ابنِ عابدین شامی دِمشقی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1252ھ / 1836ء) لکھتے ہیں: ”أن النص حرم الذهب والحرير على ذكور الأمة بلا قيد البلوغ، والحرية والإثم على من ألبسهم لأنا أمرنا بحفظهم“ ترجمہ: نصِ حدیث نے سونے اور ریشم کو بغیر بلوغت یا آزادی کی قید کے اس امت کے مردوں پر حرام ٹھہرایا ہے۔ اور گناہ اُس فرد پر ہے، جس نے بچوں کو ریشم یا سونا پہنایا، کیونکہ ہمیں بچوں کو گناہوں سے محفوظ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (ردالمحتار مع درمختار، کتاب الحظر والاباحۃ، جلد 9، صفحہ 598، مطبوعہ کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے: ”نابالغ لڑکوں کو بھی ریشم کے کپڑے پہنانا حرام ہے اور گناہ پہنانے والے پر ہے۔“ (بہار شریعت، ج03، حصہ16، ص415، مکتبۃ المدینہ)

مزید بہار شریعت میں ہے: ”لڑکوں کو سونے چاندی کے زیور پہنانا حرام ہے اور جس نے پہنایا، وہ گنہگار ہو گا۔“

(بہار شریعت، ج03، حصہ16، ص428، مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net